# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## پریس ریلیز 60/18

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان سیکنڈری سکول (نہم/دہم) سالانہ 2019ء ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم/فیس کی وصولی بارے شیڈول درج ذیل ہوگا۔ امتحان میں شرکت کرنے والے سیکنڈری سکول (نہم و دہم) کے امیدواران درج ذیل شیڈول کے مطابق اپنے داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ www.bisegrw.com پر آن لائن بھجوائیں گے اور اس کی ہارڈ کاپی بھی بھیجنا ہوگی۔ داخلہ فارم ایک پرت پر مشتمل ہوگا۔ آن لائن کرنے کے بعد امیدوار اس کی ہارڈ کاپی حاصل کرے گا اور اس کی تصدیق کرانے کے بعد حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچ میں فیس جمع کرائے گا۔ بنک اس فارم سے فیس جمع کرانے کی ایک رسید امیدوار کو دے گا اور داخلہ فارم اپنے پاس رکھے گا۔ فیس جمع کرانے کی رسید ہی داخلہ فارم کی وصولی کی رسید تصور ہوگی۔

## امتحان سیکنڈری سکول سالانہ 2019ء کا انعقاد مورخہ یکم مارچ 2019ء سے ہوگا

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
| --- | --- | --- |
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 14 نومبر 2018ء تا 14 دسمبر 2018ء |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 15 دسمبر 2018ء تا 21 دسمبر 2018ء |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 22 دسمبر 2018ء تا 28 دسمبر 2018ء |

Result.pk

## مذکورہ بالا امتحانات کے سلسلہ میں شرح فیس داخلہ درج ذیل ہوگی۔

| گروپ | فیس نہم (پارٹ I) | فیس دہم (پارٹ II) | کمپوزٹ داخلہ فیس |
| --- | --- | --- | --- |
| سائنس گروپ ریگولر | 650/= روپے | 650/= روپے | 1300/= روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر | 600/= روپے | 600/= روپے | 1200/= روپے |
| سائنس گروپ پرائیویٹ | 700/= روپے | 700/= روپے | 1400/= روپے |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ | 650/= روپے | 650/= روپے | 1300/= روپے |
| سرٹیفکیٹ (سند) فیس ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے لیے | 550/= روپے مذکورہ فیس جماعت دہم کا امتحان دینے والے امیدواران کو صرف ایک مرتبہ داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ | | |
| رجسٹریشن فیس | 1000/= روپے مذکورہ فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی۔ | | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے | 395/= روپے فی طالب علم | | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم پرائیویٹ امیدواران | 395/= روپے فی طالب علم | | |
| پروسیسنگ فیس جماعت دہم گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے/پرائیویٹ امیدواران | 395/= روپے فی طالب علم | | |

جاری ہے---

**نوٹ:۔**

**(1)۔ امتحان سیکنڈری سکول (نہم ادہم) سالانہ 2019ء کے لیے امیدواران کا تمام Data بورڈ آفیشل Web Site پر Upload کر دیا گیا ہے۔ ادارہ جات اپنے داخلہ فارم پرنٹ کریں اور ان کو مکمل کر کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروائیں۔**

(2) حکومت پنجاب نے پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران کو رجسٹریشن اور امتحانی فیس سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ **تاہم**

(I) اگر کسی امیدوار کا داخلہ فیس شیڈول کے مطابق دوسرے یا تیسرے فیز میں آیا تو اس سے مروجہ فیس شیڈول کے تحت وصول کی جائے گی۔

(II) ریگولر امیدواران جماعت نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے جبکہ پرائیویٹ امیدواران نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے کے ساتھ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(III) ریگولر امیدواران جو جماعت نہم کے امتحان میں فیل ہونے کے بعد دوبارہ جماعت نہم میں Re-Admit ہوں وہ بھی داخلہ فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے جمع کروائیں گے۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران جو دوبارہ جماعت نہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ داخلہ فیس + رجسٹریشن فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے جمع کروائیں گے۔

(3) پبلک سیکٹر کے ایسے ریگولر امیدواران جنہوں نے جماعت نہم 2018ء میں 33% سے کم نمبر حاصل کئے اور جماعت دہم کے ساتھ جماعت نہم کے ان مضامین کا بھی امتحان دے رہے ہیں تو انہیں پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے کے علاوہ داخلہ فیس نہم بھی جمع کروانی ہوگی البتہ پرائیویٹ سیکٹر کے الحاق شدہ ادارے پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس کے علاوہ دونوں پارٹس (نہم، دہم) کی داخلہ فیس بھی جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

(4) پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران جو کلاس دہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے جمع کروائیں گے۔ علاوہ ازیں پرائیویٹ سیکٹر کے الحاق شدہ ادارے اور پرائیویٹ امیدواران پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے کے علاوہ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

Result.pk

(5) ایسے Re-Appear امیدواران جو ایک یا دو فیل شدہ مضامین کا امتحان دے رہے ہیں جن کا پریکٹیکل نہیں ہے مگر اس سے پہلے وہ پریکٹیکل والا مضمون پاس کر چکے ہیں تو انہیں سائنس گروپ کیٹیگری میں داخلہ فیس جمع کروانا ہوگی۔

(6) امتحان میں دوبارہ شامل ہونے والے ریگولر/پرائیویٹ امیدواران اپنا سابقہ رولنمبر بمعہ سال دے کر بورڈ ہذا کی ویب سائٹ سے اپنا داخلہ فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

(7) داخلہ فیس ہمراہ داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچ میں وصول ہونا لازمی ہے۔

(8) جمع شدہ فیس ناقابل واپسی ہوگی۔

(9) امتحانی داخلہ فیس حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچوں میں جمع کروائیں۔

(10) کوئی بھی ادارہ/امیدوار (Double) داخلہ فارم بھجوانے کا مجاز نہ ہوگا۔ ایسا کرنے پر بورڈ کے نوٹیفکیشن نمبر 17\46 مورخہ 17-10-26 کے تحت ان کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(11) سربراہ ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ وہ داخلہ فارم پر اصل امیدوار کے دستخط و نشان انگوٹھا وغیرہ ثبت کروائیں۔ تصدیق کے بعد غلط ثابت ہونے پر سربراہ ادارہ جات کے خلاف قواعد کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(12) درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

(13) داخلہ فارم پر اپنے کوائف ہر لحاظ سے مکمل پر کرنے کے بعد حبیب بنک کی نامزد برانچوں میں جمع کرائیں بنک سے وصول کردہ چالان فارم ہی فیس و داخلہ فارم کی رسید ہوگی۔

جاری ہے۔۔۔

(14) ایسے امیدواران جو دہم میں شامل امتحان ہو چکے ہوں وہ صرف جماعت نہم کا نہ تو داخلہ فارم دوبارہ بھجوا سکتے ہیں اور نہ ہی امتحان دے سکتے ہیں۔

(15) پرائیویٹ امیدواران آن لائن داخلہ فارم بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www.bisegrw.com سے حاصل کریں۔

-دستخط-

**(پروفیسر ناصر محمود اعوان)**

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:-

1- جملہ سیکرٹریز انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ، پاکستان

2- گوجرانوالہ بورڈ کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز / سیکنڈری سکولز کے سربراہان

3- جناب اسٹیشن کمانڈر، گوجرانوالہ کینٹ

4- جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ

5- جناب مینجر، حبیب بنک لمیٹڈ بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں

6- سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)

7- داخلی تقسیم

Result.pk

**اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)**

مورخہ 05-11-2018